سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات2018

سوموار،5۔فروری2018

(یوم الاثنین،18۔جمادی الاوّل1439ھ)

سولہویں اسمبلی: چونتیسواں اجلاس

جلد 34: شمارہ 6

359

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 5۔ فروری 2018

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

GOVERNMENT BUSINESS

RESOLUTION

A MINISTER to move the following Resolution:

"صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 5۔ فروری 2018 کو یوم کشمیر کے موقع پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔

یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے اور مقبوضہ ریاست جموں وکشمیر کے شہریوں کو حق خودارادیت دیا جائے نیز وہاں سے بھارت کی قابض فوجوں کا انخلا کیا جائے اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیریوں کی بھرپور سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے۔

یہ ایوان عالمی برادری سے بھی اپیل کرتا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا جائز حق دلوانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

یہ ایوان اپنے کشمیری بھائیوں کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے حصول تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔"

361

صوبائی اسمبلی پنجاب

سولہویں اسمبلی کا چونتیسواں اجلاس

سوموار، 5۔فروری 2018

(یوم الاثنین، 18۔جمادی الاوّل 1439ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز، لاہور میں سہ پہر 3 بج کر 25 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر رانا محمد اقبال خان منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری محمد علی نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمO

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن
ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ ۖ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا
مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ
عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ
ثَوَابًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ
تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾

سورة آل عِمرَان آیات 195 تا 196

تو ان کے پروردگار نے ان کی دعا قبول کرلی (اور فرمایا) کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا تم ایک دوسرے کی جنس ہو تو جو لوگ میرے لئے وطن چھوڑ گئے اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور ستائے گئے اور لڑے اور قتل کئے گئے میں ان کے گناہ دور کر دوں گا اور ان کو بہشتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (یہ) اللہ کے ہاں سے بدلہ ہے اور اللہ کے ہاں اچھا بدلہ ہے (195) (اے پیغمبرؐ) کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں دھوکا نہ دے (196)

وماعلینا الاالبلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب سرور حسین نقشبندی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

عظمتیں بے شمار پاتے ہیں
خوش نصیب ان کے گیت گاتے ہیں
دل کو بھاتا نہیں کوئی منظر
جب مدینے سے لوٹ آتے ہیں
جن کا کوئی نہ ہو زمانے میں
اُن کو سینے سے وہ لگاتے ہیں
باندھ رکھا ہے میں نے رخت سفر
دیکھیں سرکار کب بلاتے ہیں
آپ کی یاد ہے سکوں دل کا
غم زمانے کے بھول جاتے ہیں

سرکاری کارروائی

قرارداد

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اب ہم سرکاری کارروائی شروع کرتے ہیں۔ میں آپ تمام ممبران کا شکر گزار ہوں کیونکہ میں نے 2۔ تاریخ کو کشمیری بھائیوں کی یکجہتی کے لئے خصوصی اجلاس کی گزارش کی تھی۔ دونوں طرف سے اس معزز ایوان کے تمام ارکان کی طرف سے جو بھی طریق کار ہے اُس کے مطابق قرارداد آئے گی اور میرے پاس کچھ نام آچکے ہیں لہٰذا پہلے قرارداد پیش کی جائے اور پھر میں اسے دہراتا ہوں۔

مقبوضہ کشمیر میں جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت اور اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں پر فی الفور عملدرآمد کا مطالبہ

وزیر انسانی حقوق و اقلیتی امور (جناب خلیل طاہر سندھو): جناب سپیکر! میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

> "صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 5۔ فروری 2018 کو یومِ کشمیر کے موقع پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں گزشتہ 70 سال سے جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔
>
> یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے اور مقبوضہ ریاست جموں و کشمیر کے شہریوں کو حق خود ارادیت دیا جائے نیز وہاں سے بھارت کی قابض فوجوں کا انخلا کیا جائے اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔
>
> یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیریوں کی بھرپور سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے۔

یہ ایوان عالمی برادری سے بھی اپیل کرتا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا جائز حق دلوانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

یہ ایوان اپنے کشمیری بھائیوں کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے حصول تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔"

جناب سپیکر: جی، یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان آج 5۔فروری 2018 کو یومِ کشمیر کے موقع پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں گزشتہ 70 سال سے جاری جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔

یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے اور مقبوضہ ریاست جموں و کشمیر کے شہریوں کو حق خودارادیت دیا جائے نیز وہاں سے بھارت کی قابض فوجوں کا انخلا کیا جائے اور کشمیری عوام پر جاری مظالم کو بند کیا جائے۔

یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ کشمیریوں کی بھرپور سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے۔

یہ ایوان عالمی برادری سے بھی اپیل کرتا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا جائز حق دلوانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

یہ ایوان اپنے کشمیری بھائیوں کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہے کہ پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے حصول تک ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔"

یہ قرارداد متفقہ طور پر میرے پاس آئی ہے جسے جناب خلیل طاہر سندھو نے پڑھ دیا ہے۔ یہ منجانب جناب محمد سبطین خان، محترمہ خدیجہ عمر، ڈاکٹر سید وسیم اختر، پارلیمانی لیڈر اور جتنے بھی ممبران ایوان میں موجود ہیں اُن سب نے کہا ہے کہ اس قرارداد کو متفقہ طور پر منظور کرنے کے لئے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! آپ نے کشمیر سے پہلے لفظ مقبوضہ کا جو اضافہ کیا ہے یہ بہت درست ہے کیونکہ انڈیا ہمارے آزاد کشمیر کے بارے میں باتیں کرتا ہے۔

جناب سپیکر: جی، میں نے کہہ دیا ہے اور اس کو درست کر لیتے ہیں۔ جناب محمد سبطین خان آغاز کریں۔

جناب محمد سبطین خان: جناب سپیکر! شکریہ۔ تہہ دل سے اس چیز کو پورا پاکستان اور پورا پنجاب appreciate کر رہا ہے اور ہم اپوزیشن کی طرف سے نہایت خوشی محسوس کر رہے ہیں کہ آپ نے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے آج پنجاب اسمبلی کا خصوصی اجلاس بلایا جو کہ ہمارا فرض بھی بنتا ہے۔ ہم برملا یہ بات بہت کرتے ہیں کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ جب ہم کشمیر کو اپنی شہ رگ کہتے ہیں تو common sense کی بات ہے کہ اللہ نہ کرے کہ اگر کسی کی شہ رگ کٹ جائے تو اس کا زندہ رہنا impossible ہو جاتا ہے اور ناممکن ہو جاتا ہے لیکن جب ہم کشمیر کو شہ رگ کہتے ہیں تو کیا اس شہ رگ کے لئے ہم وہ کچھ کر رہے ہیں جو ہمیں کرنا چاہئے؟

جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ابھی بھی ہم سے کوتاہیاں ہو رہی ہیں۔ مثال کے طور پر کشمیر کمیٹی ہے تو ہم یہ وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیر کمیٹی پر نظر ثانی کی جائے، اس کا ریکارڈ چیک کیا جائے کہ اس کمیٹی نے کشمیر کاز کے لئے آج تک کتنی meetings کیں اور کتنے غیر ملکی دورے کئے جس میں کشمیر کاز کو اُجاگر کیا گیا۔ جب ہم کشمیر کمیٹی کی کارکردگی دیکھیں گے تو شاید وہ اتنی پر اثر نہ ہو جس طرح ہم شہ رگ والا دعویٰ کرتے ہیں۔

جناب سپیکر! اس کے علاوہ میں آپ کی وساطت سے صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت کو ایک proposal دینا چاہوں گا کہ ہماری کشمیر کاز کو right forum پہلی جماعت سے تعلیمی سلیبس میں شامل کیا جائے۔ صرف ریلیاں نکالنا، یہ بہت اچھی بات ہے لیکن ہماری نوجوان نسل کے علم میں ہونا چاہئے کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے جس کے لئے ہم کس حد تک sensitive ہیں اور بھارتی حکومت جو کچھ مقبوضہ کشمیر میں کر رہی ہے وہ international forum کے ساتھ ساتھ اپنے تعلیمی نصاب میں بھی شامل کیا جائے اور ہماری کشمیر کمیٹی کو بھی تیز کیا جائے۔

جناب سپیکر! ایک چھوٹا سا واقعہ ہوا جس پر ہندوستان نے فلم بنائی "بجرنگی بھائی جان" یا کوئی اس قسم کا نام تھا جو آج کل بہت زیادہ ٹی وی پر بھی آ رہا ہے۔ انہوں نے تو فلم بنائی اور ہم نے "گیتا بچی"

والے issue جو کہ کراچی میں ایدھی ٹرسٹ کے پاس کئی سال رہی اس کو practically بھارتی حکام کے حوالے کیا جبکہ انہوں نے فلم کی حد تک اپنے آپ کو محدود رکھا۔ بہر حال ہم نے تو practically وہ کام کیا اور ہمیں اس کے بدلے میں کیا ملا کہ روزانہ ہمارے بزرگوں، بچوں اور بچیوں پر بھارتی فوج کی فائرنگ ہو رہی ہے جس سے کنٹرول لائن پر بہت سے گھر تباہ ہو رہے ہیں، کتنے بچے جسمانی طور پر معذور ہو رہے ہیں اور بہت سی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہماری حکومت صرف اس حد تک کہ ہم نے "کشمیر ڈے" منایا اور 5۔ فروری کو چھٹی تک نہ رہیں تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ کافی نہیں ہے۔

جناب سپیکر! آپ کی وساطت سے صوبائی حکومت کی وساطت سے وفاقی حکومت سے ہم یہ پُر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس شہ رگ کو بچایا جائے کیونکہ یہ واقعی ہماری شہ رگ ہے۔ جب تک کشمیر کو ہم own نہیں کریں گے، ان پر تھوڑا سا ظلم ہوتا ہے تو مقبوضہ کشمیر والے اور کچھ بھی نہیں کر سکتے تو وہ پاکستان کے جھنڈے اٹھا لیتے ہیں۔ جب ہم ٹی وی پر پاکستانی جھنڈا ان کے ہاتھوں میں دیکھتے ہیں تو یقین کریں کہ ہمارا خون کھولنے لگ جاتا ہے۔ بندے کے بس میں کچھ نہیں ہوتا اور دل چاہتا ہے کہ ہم بھی ان مقبوضہ کشمیر کے مظلوموں کے ساتھ پاکستان کا جھنڈا اٹھا کر ان کے ساتھ پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگائیں اس لئے کہ یہ واقعی پاکستان کی شہ رگ ہے۔ 70 سال سے ہم پر مظالم ہو رہے ہیں اور ہمارے مقبوضہ کشمیر کے مسلمان بھائیوں پر مظالم ہو رہے ہیں۔ وائسرائے کی ملی بھگت اور اس وقت کے مہاراجہ کی ملی بھگت کے ساتھ اڑھائی تین لاکھ بندوں کو تو اس وقت شہید کیا گیا جو کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد میرا خیال ہے کہ یہ بہت ہی بڑا figure تھا اور آج تک دیکھیں "برہان مظفر وانی" اور برھان وانی جیسے ہمارے کئی بچے، ہماری بچیاں، ہماری مائیں اور ہماری بہنیں شہید ہو رہی ہیں۔

جناب سپیکر! ہمارے پاس اس کے علاوہ بھارتی مظالم کا اور کیا واضح ثبوت ہو سکتا ہے تو اب وقت آ گیا ہے کہ جتنے مظالم ہو رہے ہیں تو یہ کام صرف قراردادوں کے ساتھ نہیں چلے گا بلکہ آج ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ ہم سارے ممبران اسمبلی بارڈر پر کھڑے ہوتے چاہے ہمیں وہیں پر رات ہو جاتی اور مقبوضہ کشمیریوں کو پتا چلتا کہ ہمارے پنجاب اسمبلی کے معزز ممبران آئے ہوئے ہیں۔ جب بھی حکومت پروگرام بنائے ہم leaving aside کہ یہ پی ٹی آئی ہے، یہ (ن) لیگ ہے، یہ جماعت اسلامی ہے، یہ

(ق) لیگ ہے اور یہ پیپلز پارٹی ہے، ہمیں ایک ایسا یادگار قدم اٹھانا چاہئے کہ آنے والی نسلیں یاد رکھیں کہ پنجاب اسمبلی کے ممبران اچھے اور ذی شعور لوگ تھے جو اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ رہے۔ میں آخر میں پھر یہی کہوں گا اور میں قرارداد اس لئے نہیں پڑھ رہا کہ ابھی آپ کی اور ہماری میٹنگ میں۔۔۔

جناب سپیکر: سبطین صاحب! قرارداد تو وزیر موصوف نے پڑھ دی ہے۔

جناب محمد سبطین خان: جناب سپیکر! نہیں۔ ہمارا جو موقف ہے وہ قرارداد کے اندر آ گیا ہے اس لئے میرا موقف یہ ہے کہ خدارا ہم اپنی شہ رگ مقبوضہ کشمیر کو بچائیں جس طرح اپنی ذاتی شہ رگ کو بچانے کے لئے ہم تدابیر کرتے ہیں۔ کشمیر کمیٹی کے ساتھ ساتھ تعلیمی سلیبس میں ان چیزوں کو شامل کیا جائے۔ کشمیر کمیٹی کو forcefully کہا جائے کہ وہ اپنا ریکارڈ دیں اور ہر دو ماہ بعد کشمیر کے لئے International tours ہوں جس میں کشمیر کے issue کو اجاگر کیا جائے کیونکہ اس وقت ہمارے لئے یہ sensitive نہیں ہے بلکہ یہ زندگی اور موت کا مسئلہ ہے تو ہمیں اس issue کو اس طریقے سے لینا چاہئے۔ شکریہ

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ جی، ڈاکٹر فرزانہ نذیر!

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! شکریہ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہر سال کی طرح میں صبح 10:00 بجے سے 200 ڈاکٹروں کے ساتھ ریلی میں تھی۔ چونکہ کشمیر میری روح ہے اور ہم سب کی روح ہے تو آپ سے اجازت چاہ رہی تھی کہ اگر مجھے کچھ زیادہ وقت دے دیں تاکہ میں تفصیل سے بات کر لوں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ! آپ بات کریں ناں۔ دیکھیں گے۔

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! آپ کی میں شکر گزار ہوں اور آپ کے لئے دعا گو بھی ہوں کیونکہ آج کشمیریوں کی جدوجہد آزادی نازک موڑ پر پہنچ چکی ہے اور وادی میں ہر طرف خون ہی خون بکھرا پڑا ہے اور کچھ نظر نہیں آرہا۔ جلتے ہوئے کشمیر کی پکار پر آپ نے پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلا کر ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے دل اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ ان کے آنسوؤں کے ساتھ ہمارے آنسو بہتے ہیں۔ انہیں گولی لگتی ہے تو زخم ادھر ہوتے ہیں۔ ان کی جدوجہد آزادی میں ہر فرد شانہ بشانہ کھڑا ہے۔

آج یوم یکجہتی کشمیر منایا جارہا ہے جس میں پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ تجدید عہد کرتی ہے کہ جب تک کشمیر آزاد نہیں ہو گا ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے اور خون کا آخری قطرہ بھی کشمیر کی آزادی کے لئے بہے گا۔"کشمیری کی آزادی سے بھارت کی بربادی تک جنگ رہے گی جنگ رہے گی"، "کشمیر ہمارا ہے اور سارے کا سارا ہے" کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کو بھی معلوم ہے کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے مگر اس کے باوجود اس کی آنکھیں اور کان بند ہیں۔ کشمیر جنت نظیر ہے اور میرا کشمیر آپ سب کا کشمیر ہے۔ برصغیر پاک وہند کے شمال مغرب میں واقع ریاست کا تقریباً83ہزار مربع میل ہے جس میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر شامل ہے۔ عظیم قائد محمد علی جناح نے جب1946 میں سری نگر کا دورہ کیا تو وہاں ایک ماہ قیام کیا جس دوران کشمیریوں کے ساتھ ملاقات کی اور انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے مگر بے غیرت انڈیا نے 1947 میں ہمارے ساتھ دھوکا کیا۔ تقسیم ہند کے فارمولے کے تحت جس ریاست میں مسلمانوں کی اکثریت تھی وہ پاکستان کو ملنا تھی اور یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے مگر نہرو نے اپنی فوجیں induct کر کے اُس وقت سے اس کا نام مقبوضہ کشمیر رکھ دیا ہے۔

جناب سپیکر! عظیم لیڈر برہان وانی کی شہادت نے کشمیر کی وادی کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ! آپ کہہ رہی تھیں کہ میں نے ترانہ پڑھنا ہے وہ پڑھ دیں، وہ کیا ہے؟

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! وہ آخر میں پڑھوں گی۔

جناب سپیکر: آپ مہربانی کریں دوسروں کو بھی ٹائم دیں۔

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! میری کچھ گزارشات تو سن لیں کہ حکومت کو ان حالات کو دیکھ کر ایک جامع پالیسی بنانی پڑے گی جس میں سفارتی محاذ پر انقلابی اقدامات کئے جائیں اور اُس میں کشمیریوں کو نمائندگی دی جائے۔ کشمیریوں کی قسمت کا فیصلہ کشمیری کریں گے۔ میاں محمد نواز شریف کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے UNO میں کشمیر کا زبردست مقدمہ پیش کیا مگر اس کے باوجود مزید ضرورت ہے۔ تمام سیاسی جماعتیں کشمیر کے مسئلے پر ایک ایجنڈے پر اتفاق کریں اور اپنے منشور میں اسے بنیادی اہمیت

دیں۔ مظلوم کشمیریوں کو بربریت اور غلامی سے نجات دلانے کے لئے پاکستان کو سیاسی اور معاشی لحاظ سے مستحکم ہونا پڑے گا۔

جناب سپیکر! میری تمام اپوزیشن کے بھائیوں اور بہنوں سے اپیل ہے کہ کشمیر کے مسئلے پر سب ایک ہوں۔ آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ حکومت پاکستان مقامی اور بین الاقوامی میڈیا میں پرائم ٹائم خریدیں اور وہاں پر بھارت کی سفاکانہ مکاریوں اور چالاکیوں کو ہائی لائٹ کریں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ! آپ نے توجہ دلا دی ہے اب آپ نے جو ترانہ پڑھنا ہے پڑھ دیں۔

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! یہ وہ ترانہ ہے جو ہر کشمیری گا رہا ہے۔

خدا سے منت ہے میری خدا سے منت ہے میری
لٹا دو جنت وہ میری لٹا دو جنت وہ میری
وہ امن وہ چمن کا نظارہ او خدایا لٹا دے کشمیر ہمارا
میرا کشمیر سنوارا کیوں میرا کشمیر سنوارا کیوں جب اس کو یوں اُجڑنا تھا
خوش نما منظر تھے خوش نما منظر تھے
خنجر کیوں چلایا اوخدایا لٹا دے کشمیر دوبارہ
میری روح کی تصویر میری تھول کی تصویر

میرا کشمیر میرا کشمیر میرا کشمیر او خدایا لٹا دے میرا کشمیر
کشمیر ہے پاکستان کھولے گی اک زنجیر کشمیر ہمارا ہے سارے کا سارا ہے
مکارو سن لو دغا بازو سن لو کشمیر بنے گا پاکستان
کشمیر اور پاکستان بنے گی اک زنجیر

جناب سپیکر: آپ کا بہت شکریہ۔ جی، ڈاکٹر سید وسیم اختر!

ڈاکٹر سید وسیم اختر:

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ
وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ
يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل
لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا ﴿٧٥﴾

"اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کی راہ میں اور اُن بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما۔"

جناب سپیکر! آپ کے توسط سے الحمد للہ آج 5۔فروری کا دن ہے جس دن پورے پاکستان کے طول و عرض کے اندر تمام تر سیاسی و دینی تنظیمیں قریہ قریہ، گاؤں گاؤں، شہر شہر اپنے اپنے انداز کے اندر کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر! پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے بارے آپ نے بھی تحرک کیا جو اس وقت جاری و ساری ہے اس پر میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، مہربانی۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! آج اس ایوان کے توسط سے مقبوضہ کشمیر کے بزرگوں کو، وہاں کے جوانوں کو، وہاں کی بیٹیوں، بیٹوں اور ماؤں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ گزشتہ 70 سال سے 8 لاکھ ہندو فوج ظلم استبداد کے تمام تر حربے استعمال کر رہی ہے اور حالیہ دنوں کے اندر جو ظلم پائلٹ گنوں کے ذریعے سے کیا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں سینکڑوں بچیاں، بچے، جوان اور بوڑھے اپنی بینائی سے مستقل طور پر محروم ہو گئے ہیں۔ ان تمام تر ظلم کے باوجود کشمیر کے لوگ آزادی کی جدوجہد کو جاری

رکھے ہوئے ہیں اور ہندو سرکار کا خیال تھا کہ اتنی بڑی تعداد میں فوج کے ذریعے سے ظلم کرنے کے نتیجے کے اندر کشمیری اپنی آزادی کے مطالبے سے دستبردار ہو جائیں گے ایسا ممکن نہیں ہو سکا اور الحمدللہ یہ جدوجہد جاری ہے۔ یہ بات بھی بہت خوش آئند ہے کہ پوری قوم قائداعظم کے اس وژن کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کو اچھی طرح سمجھتی ہے بعض حکومتی کلابازیوں کے الرغم قوم دامے درمے سخنے کشمیریوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ماضی کے اندر یہ نعرہ بھی لگایا گیا کہ پہلے Building Confidence Measures(CBM) انڈیا کے ساتھ کر لی جائیں۔ اُس کے ذریعے سے پھر آلو پیاز اور ٹماٹر کی تجارت ہندوستان کے ساتھ شروع کی گئی اور کہا کہ پہلے ہم باقی avenues کے اوپر معاملات کو بہتر کر لیں پھر ہم کشمیر کی طرف آئیں گے تو اُس کا بھی فائدہ ہندوستان کو ہوا، جو اعداد و شمار ہمیں بتاتے ہیں۔ جب ہم ہندوستان کے ساتھ تجارت کرتے ہیں تو ہندوستان سے 20 روپے کی چیز منگواتے ہیں اور ہندوستان ہم سے ایک روپے کی چیز لیتا ہے۔ ہندوستان میں زراعت کے میدان کے اندر زرعی inputs کے ریٹس ذرا کم ہیں اُس کے نتیجے کے اندر اُن کی فصلیں سستی ہوتی ہیں اور پاکستان کے اندر زرعی inputs کا ریٹس زیادہ ہیں نتیجتاً یہاں پر فصلات کی قیمتیں زیادہ ہوتی ہیں تو اُس تجارت کو کرنے کے نتیجے کے اندر ہمارے کسان بھائی مشکل کے اندر آتے ہیں۔ یہ کام ہماری حکومت تھوڑے فائدے کے لئے کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ پھر ایک صاحب بہادر بندوق کے زور پر حکومت میں آ گئے اور انہوں نے۔۔۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب! وہ پالیسی ہے ہمیں صرف مقبوضہ کشمیر پر بات کرنی ہے۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! میں یہ عرض کروں گا ایک صاحب بہادر حکومت میں تشریف لے آئے انہوں نے آٹھ آپشن پیش کر دیئے لیکن الحمدللہ اُن کے جانے کے ساتھ اُن کے سارے آپشن بھی دفن ہو گئے۔ ہمارے ایک سابق وزیراعظم نے وہاں جا کر تقریر کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی کہ دونوں طرف تو ایک جیسے لوگ ہیں، لباس ایک ہے، کھانا پینا ایک ہے، شکلیں ایک جیسی ہیں، اٹھنا بیٹھنا ایک جیسا ہے، رسم و رواج ایک جیسے ہیں پھر کس ظالم نے یہاں پر لکیر کھینچ دی ہے، خونی لکیر، میں آج اس ایوان کے توسط سے انہیں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر یہ پاک سرزمین نہ ہوتی تو وہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر نہ پہنچتے [******************]

معاون خصوصی برائے وزیراعلیٰ پنجاب (رانا محمد ارشد): جناب سپیکر! یہ الفاظ حذف کئے جائیں۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب آپ یہ کیا بات کر رہے ہیں؟ آپ بات کو اُلٹی سائڈ پر نہ لے کر جائیں۔I not allowed you. ان الفاظ کو کارروائی سے حذف کر دیا جائے۔

معاون خصوصی برائے وزیر اعلیٰ پنجاب (رانا محمد ارشد): جناب سپیکر! آج کشمیر ڈے ہے یہ مناسب نہیں ہے۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب! میں آپ سے یہ توقع نہیں رکھتا ہوں۔ آپ پوری قوم کی نمائندگی کریں۔ آپ کیا کر رہے ہیں؟

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! آپ کی بات مان لی ہے۔

جناب سپیکر: Don't be personal to any body میں آپ کو یہ allow نہیں کروں گا۔ جی، ان الفاظ کو کارروائی سے حذف کر دیا جائے۔

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! میں ایوان کے توسط سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جس طرح ہندوستان نے ہمارے ملک کے اوپر ایک ثقافتی یلغار کی ہوئی ہے---

حاجی ملک محمد وحید: جناب سپیکر! یہ وہ جماعت ہے جس نے کشمیر کاز کو ضرب لگائی ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں۔ اس پر بات نہ کریں---

حاجی ملک محمد وحید: جناب سپیکر! ان کو یہ بات کرتے ہوئے شرم آنی چاہئے۔ (شور وغل)

جناب سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ جی، شاہ صاحب!

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے حکومت سے یہ مطالبہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کی ثقافتی یلغار کو روکا جائے اور ہندوستان کی فلموں کی نمائش جو پاکستان میں ہوتی ہے ان پر پابندی لگائی جائے---

---

* بحکم جناب سپیکر الفاظ کارروائی سے حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر: شاہ صاحب! آپ کشمیریوں کے لئے بتائیں کہ کیا کیا جائے، آپ ہندوستان کی تجارت کو لے کر بیٹھ گئے؟

ڈاکٹر سید وسیم اختر: جناب سپیکر! ہندوستان سے ہر قسم کی تجارت کو بند کیا جائے تاوقتیکہ وہ اقوام متحدہ کی 1948 کی قراردادوں پر عملدرآمد کرنے کے لئے اقدامات نہیں کرتا۔ وہاں سے ثقافتی یلغار کو بند کیا جائے، ثقافتی تحائف کے آنے جانے کو بند کیا جائے۔ ہمیں بھرپور سفارتی، اخلاقی اور سیاسی مہم چلانی چاہئے۔ وہاں پر 70 سال سے یہ جدوجہد جاری ہے اور ہم بھی احتجاج کر رہے ہیں اس کے لئے کوئی روڈ میپ بنانا چاہئے، کوئی ٹائم لائن مقرر کرنی چاہئے ورنہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہندوستان بڑے طریقے کے ساتھ پاکستان کے حصے کے دریاؤں پر بند باندھ کر ان کو divert کر رہا ہے جو کشمیر میں بہتے ہیں اور اس کے پانی کو استعمال کر رہا ہے۔ اس پنجاب جس کی representation یہ اسمبلی کرتی ہے اس کو بھی وہ بنجر بنانے کے درپہ ہے۔

جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہر محاذ پر ہمیں aggressive policy ترتیب دینی چاہئے، جرأت کے ساتھ اس پر عملدرآمد کرتے ہوئے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جس کے نتیجے کے اندر کشمیر آزاد ہو جائے اور پاکستان کا حصہ بن جائے۔ شکریہ

جناب سپیکر: بہت شکریہ۔ شاہ صاحب! بڑی مہربانی لیکن جو الفاظ آپ نے کہے ہیں میں نے ان کو کارروائی کا حصہ نہیں بننے دیا۔ جی، چودھری محمد اقبال!

چودھری محمد اقبال: جناب سپیکر! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس پر بات کرنے کی اجازت دی۔ میں بڑے دکھ سے کہتا ہوں کہ ہمارے اتنے سمجھدار فاضل ممبر۔۔۔

جناب سپیکر: بس، اب اس کو چھوڑ دیں۔ وہ بزرگ ہیں بہرحال ہمیں بولنے سے پہلے سوچنا چاہئے۔

چودھری محمد اقبال: جناب سپیکر! چھوڑ دیا، چھوڑ تو دیا ہے لیکن آج اس قسم کی بات نہیں ہونی چاہئے تھی۔ میں صرف اتنی مختصر سی عرض کروں گا کہ وہ عالمی نمبردار، وہ سپر پاور جو human rights کی بڑی باتیں کرتے ہیں، بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ ہم دنیا کے اندر امن قائم کریں گے اور دہشت

گردی کو ختم کر دیں گے۔ اس مقبوضہ کشمیر میں جو ہو رہا ہے کیا انہیں نظر نہیں آرہا ہے یا ان کا ضمیر سویا ہوا ہے؟

جناب سپیکر! میں بڑے ادب کے ساتھ وفاقی حکومت سے بھی یہ گزارش کروں گا کہ ہماری سفارت کاری کو ذرا بہتر کر کے یہ پیغام پوری دنیا میں پہنچایا جائے کہ جو ظلم و ستم مقبوضہ کشمیر کے اندر ہو رہا ہے ہماری بہنوں، بھائیوں، بیٹیوں کے ساتھ جو وحشت ناک اور دردناک سلوک ہو رہا ہے اس کا کوئی ازالہ کیا جائے۔ اس کی روک تھام ہونی چاہئے جب تک یہ روک تھام نہیں ہوگی تو پھر دنیا میں کیسے امن قائم ہوگا اور کیسے دہشت گردی ختم ہوگی؟ ہمیں اپنی سفارت کاری کو بہتر کرنا چاہئے۔

جناب سپیکر! میں دوسری بات یہ کہوں گا کہ UNO نے جو Resolutions پاس کی تھیں وہ ردی کی ٹوکری میں پڑی ہوئی ہیں۔ ان کا ضمیر کبھی نہیں جاگا کہ ہم نے ان پر عملدرآمد کرانا ہے اور اس خطے کو آزاد کرانا ہے جس طرح پاکستان آزاد ہوا تھا۔ اگر قائداعظم کی قابل قیادت نہ ہوتی اور مسلم لیگ کی جماعت نہ ہوتی تو شاید پاکستان بھی آزاد نہ ہوتا بلکہ وہ بھی قبضے میں ہی جکڑا ہوتا۔ اس ساری آزادی کی نعمت کی ہمیں بڑی قدر ہے۔ ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں نے پاکستان کے لئے جتنی قربانیاں دی تھیں یہ قربانیاں کشمیری قوم بھی دے رہی ہے اور وہ جاگی ہوئی ہے۔ ہمیں بھی قدم سے قدم ملا کر ان کا ساتھ دینا چاہئے کیونکہ ہم سے زیادہ آزادی کی قدر کسی کو نہیں ہوگی۔ ہمارے آباؤ اجداد نے دیکھا ہے کہ ہمیں آزادی کس قیمت پر ملی ہے۔ اس لئے عالمی طاقتوں کا ضمیر جھنجھوڑنا چاہئے، سفارت کاری کو بھی بہتر کرنا چاہئے۔ پاکستان کے ہر بچے کا ہر لفظ ان کے ساتھ ہے، پاکستان پوری قوت سے ان کے ساتھ کھڑا ہے، پاکستان کی عوام کھڑی ہے، پاکستان کی قیادت کھڑی ہے اور مسلم لیگی قیادت کھڑی ہے کیونکہ مسلم لیگ پاکستان کی mother party ہے اس سے زیادہ آزادی کی قدر کسی کو نہیں ہو سکتی۔ پاکستان کے لئے جیسے مسلم لیگ نے جدوجہد کی ہے اسی طرح آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے لئے بھی کی جائے گی۔ کشمیر کا جو بھی decision ہو وہ کشمیر کی عوام کے جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہونا چاہئے کہ کشمیری عوام کیا چاہتی ہے اس کے لئے پاکستان پورے درد دل کے ساتھ ان کے ساتھ کھڑا ہے اور مضبوطی کے ساتھ کھڑا ہے۔ جو بھی ان کے لئے کرنا پڑے وہ پاکستان کو کرنا چاہئے۔ بہت شکریہ

جناب سپیکر: جی، بہت شکریہ۔ محترمہ خدیجہ عمر!

محترمہ خدیجہ عمر: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ پنجاب اسمبلی میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے جو روایت قائم کی گئی ہے یہ بڑی خوش آئند ہے۔

(اذان عصر)

جناب سپیکر: جی، محترمہ خدیجہ عمر!

محترمہ خدیجہ عمر: جناب سپیکر! شکریہ۔ جس طرح میں ذکر کر رہی تھی کہ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ آج ہم نے اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے اجلاس بلایا ہے۔ بے شک ہماری سیاسی مخالفتیں اپنی جگہ ہیں لیکن ہم بحیثیت قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ جس طرح میرے بھائی نے ابھی کہا کہ ہم یہاں تقاریر کر رہے ہیں، اس پر قراردادیں بھی آتی ہیں لیکن 70 سال ہو گئے ہیں لگاتار کشمیریوں پر ظلم ہو رہا ہے حالانکہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ ہم نے بہت کوشش کی لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ ہمیں ایسی aggressive قسم کی کوشش کرنی چاہئے جس سے کوئی نتیجہ نکلے۔ یہاں باتیں کرنے سے، تقاریر کرنے سے، ٹھیک ہے اُن کو حوصلہ تو ہو گا کہ ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں لیکن جو ظلم وہ برداشت کر رہے ہیں اس کا ابھی تک کوئی ازالہ ہو پا رہا ہے اور نہ ہی کوئی حل نکل رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کروانے کی بے حد ضرورت ہے اور عالمی برادری کو بڑا strong message دینے کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس کا حل اس لئے نہیں ہو پا رہا ہے کہ شاید یہ مسلمانوں کا مسئلہ ہے۔ اسی وجہ سے وہ اس کو resolve نہیں کرنا چاہ رہے ہیں۔

جناب سپیکر! میں یہاں پر ایک message دوں گی کہ یہ مسلمانوں کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ انسانیت کا مسئلہ ہے اس کے لئے عالمی برادری کو سوچنا چاہئے اور اس پر کوئی ایسا فیصلہ ہونا چاہئے کہ ہماری مائیں، بہنیں اور بھائی جو اتنا اتنا ظلم برداشت کر رہے ہیں وہ نہ ہو۔

جناب سپیکر! آپ خود سوچیں کہ جب یہاں پر کوئی درندگی والا واقعہ ہوتا ہے تو ہمارے دل ہل جاتے ہیں اور مقبوضہ کشمیر میں 70 سال ہو گئے ہیں ہمارے بھائی، بہنیں، بیٹیاں یہ ظلم برداشت کر رہی ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

ہم لوگ ان کے لئے کچھ نہیں کر پا رہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہم سے اس کی بھی پوچھ گچھ ہو گی کیونکہ وہ ہمارا حصہ ہے اور ہم سب نے اس کا جواب دینا ہے کہ پاکستان دشمنی میں بھارتی فوج نے مقبوضہ کشمیر کو بھی نشانہ بنایا ہوا ہے، کشمیریوں پر ظلم کر رہے ہیں لیکن یہاں سے ان کو یہ بڑا strong message جانا چاہئے کہ ہم لوگ ایک ہیں اور ہم لوگ کسی صورت میں بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، یہ کشمیر ہمارا ہے اور انشاءاللہ ہمارا ہی رہے گا وہ جو مرضی کوشش کر لیں، عالمی برادری کو بھی ایک strong message جانا چاہئے اور میرا مطالبہ یہ ہے کہ اقوام متحدہ fact finding کے لئے وہاں پر ایک ٹیم بھیجے جو وہاں پر جا کر دیکھے کہ جو ظلم اور کرب وہ ہمارے بہن بھائی اٹھا رہے ہیں تا کہ پوری عالمی برادری کو اس کا اندازہ ہو اور جو وہ ظلم اٹھا رہے ہیں اگر ان کے دل اور ضمیر مر گئے ہیں تو ان کے ضمیر جاگیں اور اس کا کوئی فیصلہ ہو سکے۔

جناب سپیکر! میں آخر میں اپنی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور ان تمام کو سلام پیش کرتی ہوں کہ وہ ستر سال سے ظلم برداشت کر رہے ہیں لیکن وہ اپنے مؤقف پر کھڑے ہیں اور ہماری پوری قوم ان کے ساتھ ہے۔

جناب سپیکر: جی، بڑی مہربانی۔ جناب ابو حفص محمد غیاث الدین!

جناب ابو حفص محمد غیاث الدین:

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾

اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

جناب سپیکر! میں آپ کا اور پنجاب اسمبلی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس عاجز کا تعلق بھی جموویلی سے ہے اور ہم 1947 میں وہاں سے مہاجر ہو کر یہاں آئے جو ہم نے اس وقت ہندوؤں کا ظلم وستم دیکھا ہے پورا خاندان، پورا قبیلہ شہید ہو گیا تھا، ہم پاکستانیوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس وقت سے لے کر آج تک جموں کشمیر کے مہاجرین کو اپنا مسلمان بھائی سمجھ کر خدمت کرنا

ایک فرض سمجھا ہے۔ کشمیری مسلمانوں پر ہندو70سال سے قبضہ جمائے ہوئے ہیں اور انہوں نے 70سال سے اپنی افواج کے ذریعے سے کشمیریوں کی آزادی کی جدوجہد کی آواز کو دبانا چاہا ہے لیکن کشمیریوں کی آزادی کی آواز کو وہاں کوئی نہ کوئی کشمیری مسلمان زندہ کئے ہوئے ہے۔ 8۔جولائی 2016کو ایک سکول ٹیچر کے پندرہ سال کے نوجوان بیٹے مظفر وانی نے اپنے بھائی کی کشمیر کی آزادی کی شہادت پر ایک تحریک چلائی تھی اس بناء پر پندرہ سال کے مظفر وانی پر ظلم و ستم کر کے شہید کیا گیا۔ بنیے کی افواج نے کشمیر پر اس نیت سے قبضہ کیا تھا کہ ہم کشمیری مسلمانوں پر قبضہ کر کے پاکستان کا جینا محال کر دیں گے اور دو دریا جہلم اور چناب جو کشمیر سے نکلتے ہیں ان پر قبضہ کر کے ہم پاکستان کو ریگستان میں تبدیل کر دیں گے۔ اس نوجوان نے اپنی شہادت پیش کر کے یہ ثابت کر دیا تھا کہ زندگی اتنی غنیمت بھی نہیں جس کے لئے عہد کم ظرف کی ہر بات کو گوارہ کر لیں۔ اس نوجوان نے کشمیریوں کے اندر آزادی کا اس طرح کا پیغام دے دیا ہے کہ ہندوستان کی افواج اب خود تنگ ہو کر خودکشی پر خودکشیاں کر رہی ہیں اس لئے کہ کشمیری مسلمانوں کا جذبہ دیکھ کر انہوں نے جو ظلم و ستم کا بازار گرم کیا ہے، جو وعدہ کیا تھا کہ ہم کشمیر کے اندر استصواب رائے کرائیں گے اور کشمیریوں کی رائے کے مطابق فیصلہ کریں گے۔ 1948میں جبکہ مسلمان فوجیں، پاکستان کی فوجیں کشمیریوں کی آزادی کے لئے سری نگر تک پہنچ چکی تھیں تو اس وقت انہوں نے اقوام متحدہ میں جا کر واویلہ کیا تھا کہ ہم کشمیریوں کو حق رائے دہی دیں گے۔ اس وقت تین شرطیں طے ہوئی ہیں، لڑائی بند کر دی جائے، فوج کو وہاں سے نکال دیا جائے، کشمیریوں کو اپنی رائے کے مطابق فیصلہ کرنے دیا جائے۔ اس وقت یہ قابو ہو چکے تھے، پتا نہیں اس وقت، میں یہ سمجھتا ہوں کہ الکفر ملت الواحدہ، کفر ایک دین ہے، ایک ملت ہے وہ مسلمانوں کی ترقی کو برداشت نہیں کر سکتے۔ کشمیریوں کی آواز کو دبانے کے لئے اس وقت لڑائی تو بند ہو گئی لیکن دو وعدے جو کئے تھے ایک یہ کہ فوجیں وہاں سے نکال لی جائیں گی، فوجیں ہندوستان نے نکالی ہیں اور اقوام متحدہ نے اس وقت جو وعدہ کیا تھا کہ کشمیریوں کی رائے کے مطابق فیصلہ ہو گا نہ وہ پورا کیا۔

جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ امن کے پجاری جو یہ کہتے ہیں کہ ایک گدھا مر جائے تو ہمیں نیند نہیں آتی، فلسطین کے اندر یا کشمیر کے اندر جو مسلمانوں کا خون بہایا جا رہا ہے تو کدھر گئی اقوام متحدہ، کدھر گئی سلامتی کونسل اور کدھر گئے وہ گدھوں کا دکھ اٹھانے والے؟ انسانوں کا خون بہایا جا رہا

ہے اور انہیں کوئی فکر نہیں ہے۔ پاکستان کا ایک ایک بچہ، پاکستان کا ہر فرد کشمیریوں کے ساتھ ہے، ہمارا ایمان کا تعلق ہے اور اسلام کا تعلق ہے۔ ہمارا ایمان اور تعلق یہ کہتا ہے کہ ہم کشمیریوں پر ظلم برداشت نہیں کریں گے۔ آج پنجاب اسمبلی کا اجلاس ہو رہا ہے، ہمارے وزیراعظم اور (ن) لیگ کے سربراہ نے اقوام متحدہ میں آواز بلند کر کے یہ کہہ دیا تھا کہ جب تک کشمیریوں پر ظلم بند نہیں ہو گا اور آزادی نہیں دی جائے گی تو اس وقت تک پاکستان کا کوئی بچہ بھی چین سے نہیں بیٹھے گا۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر! ہم یہ پیغام دینا چاہتے ہیں، تم ہندوستان والو! کشمیر پر قبضہ کرنے کے لئے، تم اپنی قوم کو بھوکا رکھ کر ایٹم بم بنا کر ہمیں دبانا چاہتے تھے، کشمیر کے سلسلے میں تین جنگیں ہو چکی ہیں اور تینوں جنگوں کے اندر پاکستان اور پاکستان کی فوج نے شامل ہو کر بتا دیا ہے کہ قائداعظم نے جو کہا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، پاکستان کی افواج نے تین جنگیں لڑ کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہم اپنی شہ رگ کی حفاظت کریں گے۔ آج پنجاب اسمبلی کا یہ ایوان کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے آواز اٹھا رہا ہے، کشمیریو! تمھاری آزادی کے ساتھ پاکستانی شامل ہیں اور انشاءاللہ یہ کشمیر ان کو آزاد کرنا پڑے گا۔ یہ پانی بند کرنا چاہتے ہیں اور یہ پاکستان کو خشک کرنا چاہتے ہیں۔ کشمیریوں کی آزادی یہ بتا رہی ہے، کشمیریوں کی تحریک آزادی بتا رہی ہے کہ وقت آنے والا ہے جب پاکستان کے حصے بکھرے ہوں گے۔ میں ایک بار پھر آپ کا اور پنجاب اسمبلی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی ہے۔

جناب سپیکر: جی، محترمہ سعدیہ سہیل رانا!

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! مولانا صاحب اپنی تقریر میں الفاظ کی تصحیح کر لیں۔

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! مولانا صاحب! جلدی میں بول گئے ہیں اس کی تصحیح کر لی جائے۔

جناب سپیکر: جی، الفاظ کی تصحیح کر لی جائے۔

جناب ابو حفص محمد غیاث الدین: جناب سپیکر! میں جلدی میں پاکستان کہہ گیا ہوں، بھارت کے حصے بکھرے ہوں گے اس کی تصحیح کر لی جائے۔

جناب سپیکر: جی، میں نے کہہ دیا ہے۔ جی، محترمہ!

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ سب سے پہلے میں آپ کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتی ہوں کہ آج کا اجلاس بلایا اور آج کا اجلاس بلانے سے ایک بہت اچھا اور positive gesture گیا ہے کہ آج ہم کشمیریوں کے ساتھ ہیں، ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے آج ہم سب یہاں اکٹھے بیٹھے ہیں اور کشمیر پر بات کر رہے ہیں۔ اس پر میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں، میں خود کشمیر کی بیٹی ہوں، میری رگوں میں کشمیری خون دوڑ رہا ہے، مقبوضہ کشمیر سے میرا تعلق ہے اور میری دادی، میرے والد اور میرے پورے خاندان نے بہت قربانیاں دیں جب پاکستان بنا۔ جب ہم وہاں سے ہجرت کر کے ادھر آئے تو بہت ساری جانیں بھی دیں، اپنی زمین و جائیداد اور ہمارے آباؤ جداد کی قبریں بھی ادھر ہیں اس لئے کشمیر سے تعلق تو ویسے بھی ہے لیکن اس طرح بہت زیادہ ایک محبت کا اور ایک لگاؤ کا ذریعہ ہے۔ آج ظلم یہ ہے کہ 5۔ فروری کو ہم کشمیر کو یاد بھی کرتے ہیں، کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار بھی کرتے ہیں لیکن ہم ایسے کیا اقدامات کریں کہ جس سے ہم بہتر طور پر اس آواز کو مضبوطی کے ساتھ اٹھا سکیں۔ کشمیر جو کہ ہماری شہ رگ ہے، قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے اور شہ رگ جیسے سبطین صاحب نے بھی کہا، جسم کا وہ حصہ ہوتی ہے کہ اگر اس کو جسم سے الگ کر دیا جائے یا کاٹ دیا جائے، جدا کر دیا جائے تو انسانی زندگی ممکن نہیں ہوتی تو پاکستان آج ایسے ہی جسم کی مانند ہے کہ جس کی شہ رگ پر چھری ہے اور انڈیا اسے تن سے جدا کرنا چاہتا ہے لیکن پاکستان کی جدوجہد اسی جذبے اور اسی طور کے ساتھ ہونی چاہئے کہ جو ایک جسم کی اپنی شہ رگ کے ساتھ ہوتی ہے۔ آج جب کشمیر میں، میں ایک ماں ہوں، ایک بیٹی ہوں، بہن ہوں، جب میں کشمیر میں اپنی بہنوں کو بے حرمت ہوتا دیکھتی ہوں، نوانی جیسے بیٹوں کو قربان ہوتا دیکھتی ہوں، جب اپنی آنے والی نسلوں کو نابینا ہوتا دیکھتی ہوں تو یقین مانیں، بس نہیں چلتا کہ انڈیا کو آگ لگا دیں۔ 10 لاکھ فوج ان جاہلوں نے، ان بزدلوں نے ان چند ایک مٹھی بھر کشمیریوں کے لئے بٹھا رکھی ہے۔ آج ہمیں صرف یہاں کھڑے ہو کر تقاریر نہیں کرنی بلکہ ہر پاکستانی نے اپنے ساتھ یہ عہد کرنا ہے کہ کشمیر کی جنگ صرف کشمیریوں کے لئے نہیں ہے، ہم سب کی جنگ ہے، وہ ہماری شہ رگ ہے، وہ ہمارا اٹوٹ انگ ہے۔ اس کو ہم نے لے کر رہنا ہے اور اس کے لئے ہمیں اپنی policies کو بھی بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر! ہماری ایک کشمیر کمیٹی ہے جس کی کارکردگی آپ سب کے سامنے ہے۔اس میں کوئی پولیٹیکل ایجنڈا نہیں ہے۔کیوں نہیں یہ کمیٹی ریاست کے اندر ہوتی؟ کیوں نہیں وزیراعظم اور پریذیڈنٹ اس کے patron in chief ہوتے؟

جناب سپیکر: دیکھیں! ان الفاظ کو آپ نہ چھیڑیں۔

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! ہونے چاہئیں۔

جناب سپیکر: یہ بات بہتر نہیں ہے۔آپ کی مہربانی، آپ ادھر تک رہیں ورنہ میں آپ کو اجازت نہیں دوں گا۔

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! آج ہمیں اس امر کی ضرورت ہے کہ کشمیر کے لئے ہم صرف 5۔فروری کو ہی واویلا نہ کریں۔

جناب سپیکر: جی، آپ اچھی تجاویز دیں۔

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! کشمیر کے لئے ہمیں اپنی خارجہ پالیسی کو درست کرنے کی ضرورت ہے۔کشمیر کمیٹی کا head خود ان کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ریاست کو کشمیر کمیٹی کو own کرنے کی ضرورت ہے۔کشمیر کے لئے ہم سب کو اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر: جی، مہربانی۔بہت شکریہ

محترمہ سعدیہ سہیل رانا: جناب سپیکر! وہ لوگ روز مرتے ہیں۔گولیاں اپنے سینوں پر کھاتے ہیں اور پاکستان کا پرچم ہاتھ میں لے کر کھڑے ہوتے ہیں۔وہ ہمارے لئے مر رہے ہیں اور ہم کیا کر رہے ہیں؟ پاکستان زندہ باد۔کشمیر بنے گا پاکستان۔(نعرہ ہائے تحسین)

جناب سپیکر: جی، زندہ باد۔شاباش۔جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ)۔۔۔ تھوڑا ٹائم short ہے، مہربانی کریں کیونکہ میں نے پھر یہ question put بھی کرنا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! بہت مہربانی لیکن جناب! ساری پابندیاں میرے تے ای آجاندیاں نیں آخر تے۔

جناب سپیکر: جی، میں بند کر دوں گا۔ آپ 2 منٹ لیں، بس 2 منٹ میں کریں۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب! آپ حکم کریں تو ہم 2 سیکنڈ میں کر لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں۔ میں سیکنڈ کی بات نہیں کرتا۔ 2 منٹ میں۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ):

سنا ہے بہت سستا ہے خون وہاں کا
اک بستی جسے لوگ کشمیر کہتے ہیں

جناب سپیکر! آج 5۔ فروری کا جو دن ہم نے یوم کشمیر، آزادی کشمیر، یکجہتی کشمیر کے لئے منایا اور پنجاب اسمبلی کا آج آپ نے اجلاس بلایا۔

جناب سپیکر: یہ سستا جو ہے ان کے لئے ہو گا ہمارے لئے تو بہت قیمتی ہے وہ۔ تھوڑی سی مہربانی کریں۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! میں آپ کا شکر گزار ہوں، اس ایوان کا شکر گزار ہوں، سارے بھائیوں کا شکر گزار ہوں۔ ایک ہمارے ایمان میں بھی ہے، ہماری الہامی کتاب میں بھی لکھا ہے، ہمارے قرآن پاک میں بھی لکھا ہے کہ:

یاران جہاں کہتے ہیں کشمیر ہے جنت
اور جنت نہ کسی کافر کو ملی ہے، نہ ملے
گی

جناب سپیکر! ہمارا ایمان ہے کہ کافر کسی جنت کے حقدار نہیں ہو سکتے تو انشاء اللہ تعالیٰ جس طرح ہمارے بہن بھائیوں نے آج یہ گفتگو فرمائی کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اس میں کوئی شک نہیں، اس میں دو رائے نہیں کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور ہماری گورنمنٹ، ہماری قوم کو کشمیر کے ساتھ اتنی ہی محبت ہے، اتنا ہی اس کے ساتھ لگاؤ ہے جتنا ہمیں اپنی سانس سے پیار ہے، ہمیں اپنی شہ رگ سے پیار ہے، ہمیں اپنے جسم سے پیار ہے۔ میں اس ایوان کے توسط سے اقوام متحدہ کے ان

ذمہ داروں کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس انڈیا کو، مودی سرکار کو اور اس کے شر پسندوں کو اس سے باز کرایا جائے کہ انہوں نے پاکستان کی ایل او سی کی چار سالوں میں کوئی2900 مرتبہ خلاف ورزی کی اور مقبوضہ کشمیر کے نہتے کشمیریوں کی پائلٹ گنوں سے آنکھیں خراب کر دیں،ان کے جسم خراب کر دیے، تباہی کا ایک ہولناک منظر انہوں نے بنایا۔ ہم آج اس ایوان کے توسط سے انہیں پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم پاکستانی، ہم مسلم، ہم سارے اکٹھے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ انڈیا، مودی سرکاری سے ہم مقبوضہ کشمیر واپس لے کر رہیں گے۔

ہم خون کی قسطیں تو بہت دے چکے لیکن
اے خاک وطن قرض ادا کیوں نہیں ہوتا

جناب سپیکر!اب ہمیں واقعی اس کوtaskبنانا چاہئے اور ہمیں اس کو اب task taking to the کرنا ہے۔ ہمیں اپنا وہ اٹوٹ انگ جو مقبوضہ کشمیر ہے ہمیں اس کی واپسی کے لئے ہر وہ حربہ اختیار کرنا ہے جس کے بغیر ہم رہ نہیں سکتے۔

جناب سپیکر: یہ اٹوٹ انگ کا لفظ تو وہ استعمال کرتے ہیں، آپ شہ رگ کا لفظ استعمال کریں۔ جی، مہربانی۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! میں آپ سے آخری سیکنڈ لیتے ہوئے یہاں پر صرف ایک اور بات کرنا چاہوں گا کہ میں آج کے اس ایوان کے حوالے سے ایک گزارش کروں گا کہ کسی کو ذاتیات پر بات نہیں کرنی چاہئے، جو معزز ممبر ڈاکٹر سید وسیم اختر نے بات کی اس کو ہمcondemn کرتے ہیں---

جناب سپیکر: جی، وہ چھوڑ دیں۔ چھوڑ دیں، ایسا نہ کریں۔ ان الفاظ کو میں نے حذف کروا دیا ہے۔

جناب محمد ارشد ملک (ایڈووکیٹ): جناب سپیکر! میرا یہ ایمان ہے کہ اگر یہ پاکستان نہ ہوتا تو وہ جو کشمیر کمیٹی کا چیئر مین ہے اور یہ ہے ان کو وہاں پر کوئی چپڑاسی بھی نہ رکھتا۔

جناب سپیکر: بڑی مہربانی، بڑی مہربانی۔ میاں محمد رفیق!

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! شکریہ

جناب سپیکر: میں نے جو قرارداد پڑھی ہے اس کی support میں بات کریں۔

ڈاکٹر نوشین حامد: جناب سپیکر! ادھر سے باری ہے۔

جناب سپیکر: دیکھیں ناں، آپ تھوڑی سی ratio دیکھیں۔ مجھے وہ بھی دیکھنا پڑتا ہے۔ جی، میاں صاحب!

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! آپ کا بے حد شکریہ۔ آج میں خصوصی طور پر یہ دو terms جو گزری ہیں ان کا ذکر کروں گا کہ ان میں ظاہر ہے کہ دو دفعہ تو 5۔ فروری آیا ہو گا، آج آپ نے یہ موقع فراہم کر کے اس قرارداد کو پیش کرنے اور دیگر معزز ممبران اسمبلی کو اظہار کا موقع فراہم کیا ہے۔ اس کے لئے میں خصوصی طور پر یہ آپ کی تحسین کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، آپ کی مہربانی۔

میاں محمد رفیق: آپ نے ایک ایسا اچھا موقع فراہم کیا ہے کہ جس سے ایک اچھا message جائے گا۔ یہ message جانا چاہئے تھا، آج ایک message جائے گا۔

جناب سپیکر! میں آپ کے شکریہ کے بعد یہ انیقہ بانو جس نے کشمیری ترانہ گایا، اس ترانے کو سن کر انسانی رگوں میں خون جم جاتا ہے۔

ڈاکٹر فرزانہ نذیر: جناب سپیکر! اے وطن تیری جنت میں آئیں گے اک دن۔۔۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! میں ڈاکٹر فرزانہ نذیر صاحبہ سے یہ درخواست کروں گا کہ میرے پاس وہ لہجہ اور ترنم تو ہے نہیں، صرف لفظوں کا اظہار ہے اور وہ اس طرح سے ہے۔ اگر یہ اس لہجے اور ترنم سے گا سکیں تو مشکور فرمائیں، اس ایوان کو مسنون فرمائیں۔ کشمیری ترانہ انیقہ بانو نے جو گایا، کشمیری الفاظ ہیں، کشمیری زبان میں ہیں۔

گریو من سے جگرس جائے
جائے شمن و مائیں مشامی
میرے وطن تیری جنت میں آئیں گے اک دن
ستم شاروں سے تجھ کو چھڑائیں گے اک دن

جناب سپیکر: جی، ٹھیک۔ اب آگے چلیں۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! میں اس پر اقبال کا بھی ایک شعر عرض کرتا ہوں۔

توڑ اس دست جفاکش کو یا رب
جس نے روح آزادی کشمیر کو پامال کیا

جناب سپیکر! میں کوئی لچھے دار، دھواں دھار تقریر تو نہیں کروں گا۔ میری بہن نے جو اظہار کیا، مولانا غیاث الدین نے جو اظہار کیا یہ میرے اپنے دل کی آواز ہے جو باقی دوست اظہار کر رہے ہیں وہ بھی میرے دل کی آواز ہے، وطن کی آواز ہے اور پاکستان کی آواز ہے کہ کشمیر بنے پاکستان۔ اس کا ایک تاریخی پس منظر بھی ہے اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کے سامنے تھوڑی سی تاریخ رکھوں کہ چھ سات صدیاں مسلمانوں کا عروج رہا جس وقت زوال شروع ہوا تو یورپ جس کے پاس ایک ہفتے کی بھی خوراک کافی نہیں ہوتی تھی اور یہ لوگ بحری قذاق تھے۔ انہوں نے برصغیر ہندوستان پاکستان پر اور خلافت عثمانیہ کو توڑ کر چھوٹے چھوٹے ممالک بنا کر وہاں اپنے رکھوالے بٹھا دیئے۔ آپ مجھے وقت عنایت فرمائیں تو میں ہندوستان اور پاکستان کی آزادی کی مختصر تاریخ پیش کرتا ہوں کہ جب انڈیا چھوڑ دو کی تحریک اپنے منطقی انجام کو پہنچی۔ میں کوئی ذکر نہیں کروں گا کہ اس کا کمیشن پلان کیا تھا یا کیا نہیں تھا؟ بہر حال دو قومی نظریہ مان لیا اور اس کے مطابق یہ plebiscite ہوا اور رائے حق ارادی کے لئے یہ موقع فراہم کیا گیا۔ اب یہاں پر افسوسناک بات ہے کہ ریڈ کلف کو کہاں سے ٹپکایا گیا، کہاں سے ڈالا گیا جس کے لئے Subhas Chandra Bose نے یہ بات کہی تھی کہ جیتی ہوئی آزادی کو میز پر مت ہار دینا اس نے یہ خطوط قائد اعظم، گاندھی اور نہرو کو بھی لکھے۔ جہاں پر مسلمانوں کی زیادہ اکثریت ہے اور آبادی ہے اس نے پاکستان بننا تھا لیکن ریڈ کلف نے آکر پنجاب کو تقسیم کر دیا، گورداس پور ہندوستان کو دے دیا کشمیر کے راستے بند کر دیئے، بنگال کو تقسیم کر دیا۔ ریڈ کلف ایک سازشی عنصر تھا، ہندوستان اور پاکستان کی آزادی کے پیچھے یہ سامراج جس کا Subhas Chandra Bose نے اشارہ دیا تھا کہ یہ لندن سے

travel کرے گا اور واشنگٹن چلا جائے گا۔ آج آپ دیکھ لیں کہ اقوام متحدہ بھی امریکہ کی رکھیل بنی ہوئی ہے۔وہ قرارداد کہاں گئی؟

جناب سپیکر! میں یہ جاننا چاہوں گا کہ اس قرارداد پر کچھ تو روشنی ڈالی جائے کہ قرارداد کا تاریخی حوالہ کیا ہے اور جو کہتے ہیں کہ قرارداد کو منظور کرایا جائے ہمیں تو یہ بھی پتا نہیں کہ قرارداد ہے کیا اور میں چاہوں گا کہ ہمارے علم میں بات آئے کہ وہ قرارداد ہے کیا جس کا ہم مطالبہ کرتے ہیں۔

جناب سپیکر!11۔فروری کو مقبول بٹ شہید ہوا تو قوم نے 11۔فروری منانا شروع کر دیا اور 1990 میں جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد نے 5۔فروری کو تجویز دی کہ کشمیر بنے گا پاکستان تاکہ مقبول بٹ شہید کا نام نہ آئے اور ایک متحدہ کشمیر کی آواز نہ بنے، "کشمیر بنے گا پاکستان" منانے کے لئے 5۔فروری کی تجویز دی اس لئے یہ دن 5۔فروری کو منایا جا رہا ہے اور ہم کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے،کشمیریوں کی آزادی کے لئے اور ان کی حق خودارادیت کے لئے۔۔۔

جناب سپیکر: بڑی مہربانی۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! کشمیریوں کی حق خودارادیت اقوام متحدہ کے چارٹر پر ہے وہ خودارادیت کیوں نہیں دیتا پوچھا جائے کہ کشمیری پاکستان میں آئیں گے۔۔۔

جناب سپیکر: بڑی مہربانی۔شکریہ

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! میں ڈاکٹر فرزانہ نذیر سے کہوں گا کہ وہ اس کشمیری ترانے کو گا کر سنادیں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر فرزانہ نذیر صاحبہ جا رہی ہیں۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر اگر ڈاکٹر صاحبہ یہ ترانہ سنائیں گی تو سارا ایوان مسحور ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: ان کو نہیں آتا۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! میرے وطن تیری جنت میں آئیں گے۔

جناب سپیکر: ان کو بھی اور آپ کو بھی بس اتنا ہی آتا ہے چونکہ باقی تو کشمیری زبان میں ہے۔

میاں محمد رفیق: جناب سپیکر! انیقہ بانو نے کہا تھا:

گریو من سے جگرس جائے
جائے شمن و مائیں مشامی
میرے وطن تیری جنت میں آئیں گے ایک دن
ستم شاروں سے تجھ کو چھڑائیں گے اک دن

جناب سپیکر: جی، محترمہ شمیلہ اسلم!

محترمہ شمیلہ اسلم: جناب سپیکر! شکریہ۔ میں آج 5- فروری کو اپنے دیگر ساتھیوں کی طرح کشمیری عوام پر بھارتی جارحیت کے خلاف درندگی اور ظلم کی انتہا پر پرزور مذمت کرتی ہوں اور کشمیریوں کی لازوال قربانیوں اور بہادری پر انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ میں سمجھتی ہوں کہ آزادی کی نعمت وہی جان سکتا ہے جس نے پاکستان بننے کا زمانہ دیکھا ہے۔ میں نے وہ زمانہ تو نہیں دیکھا لیکن اپنی دادی ماں کو جب کشمیر کی کہانیاں سناتے دیکھتی ہوں تو ان کی آنکھوں میں آنے والے آنسو اس بات کو واضح کر دیتے تھے کہ قربانی کتنی بڑی چیز ہے۔ آج انڈیا کشمیر پر اور اسرائیل فلسطین پر حملے کر رہا ہے اور انہیں تباہ کرنے کے درپہ ہے۔ یہ ہم مسلمانوں کے لئے سوچنے کی بات ہے کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ آج وقت ہے کہ ہم سب مل کر ان طاقتوں کو، ان دشمنوں کو منہ توڑ جواب دیں تاکہ کسی کو مسلمانوں کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی جرأت نہ ہو۔ کشمیر کا فیصلہ کشمیریوں کے مطابق ہونا چاہئے۔ یہ دنیا اللہ تعالیٰ کی سب سے خوبصورت تخلیق ہے جو لوگ یہاں محبتوں کے بیج بوتے ہیں وہ اسے جنت کا نمونہ بنا دیتے ہیں اور جو نفرتوں کا بیج بوتے ہیں وہ اسے دوزخ کا نمونہ بناتے ہیں۔ جنگ تلوار سے ہی نہیں لڑی جاتی بلکہ مناسب فیصلے بھی کسی ملک کی سلامتی کا باعث بنتے ہیں۔ آج کشمیر جسے جنت کا نمونہ کہا جاتا ہے وہاں پر ظلم و بربریت کا بازار گرم ہے۔ لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہے، لوگوں کی عزتیں محفوظ نہیں ہیں، خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے جس کی ہم سب مسلمان بھرپور طریقے سے مذمت کرتے ہیں اور میری اقوام متحدہ سے بھی اپیل ہے کہ سلامتی کونسل کی جن قرار دادوں۔۔۔

جناب سپیکر: بڑی مہربانی۔ آپ اس قرارداد کو support کریں۔ بہت شکریہ

محترمہ شمیلہ اسلم: جناب سپیکر! میں آخر میں چند اشعار پیش کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: جی، کیا کہا؟

محترمہ شمیلہ اسلم: جناب سپیکر! اشعار کے ذریعے ایک message دینا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: اگر کشمیر کے بارے میں ہیں تو سنا دیں لیکن ان کے علاوہ کچھ ہو گا تو نہیں سنوں گا۔

محترمہ شمیلہ اسلم: جی، ٹھیک ہے۔

آنکھوں میں جاگتی ہوئی تصویر سے الگ
کیسے رہیں گے اپنی ہی تقدیر سے الگ
آخر ملے گی جنت ارضی ہمیں ضرور
ہو گا نہ اب یہ خواب بھی تعبیر سے الگ

تم ساری کائنات ہی قدموں میں پھینک دو
یہ دل نہ ہو گا خطہ کشمیر سے الگ
بہت شکریہ

